روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

بابرکت زندگی اور موت کی دعا

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ یہ دعا بھی کیا کرتے تھے۔

اے اللہ میری زندگی کو ہر خیر کے پہلو سے بڑھادے اور میری موت کو ہر شر سے راحت کا ذریعہ بنادے۔

(صحیح مسلم کتاب الذکر باب التعوذ من شرما عمل حدیث نمبر:4897)

بدھ 27 جولائی 2005ء 19 جمادی الثانی 1426 ہجری 27 وفا 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 168

بلدیاتی انتخابات 2005ء

جماعت احمدیہ کی طرف سے لاتعلقی کا اعلان

ملک خالد مسعود صاحب ناظر امور عامہ کی طرف سے اعلان

حکومت پاکستان کی طرف سے جداگانہ طریق انتخاب کوختم کر کے بظاہر دوبارہ مخلوط طرز انتخاب اپنایا جاچکا ہے۔لیکن عملاً بلدیاتی انتخاب کیلئے الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری کردہ فہرست میں احمدیوں سے امتیازی سلوک روا رکھتے ہوئے محض مذہب کی تفریق کی بنا پر ایک الگ فہرست بعنوان قادیانی مرتب کی گئی ہے۔ایسی فہرست کا اجراء احمدی پاکستانی شہریوں کوانتخابات سے الگ رکھنے اوران کو بنیادی شہری حقوق سے محروم کرنے کی ایک ارادی کارروائی ہےاور یہ تفریق حضرت قائداعظم کے فرمودات اور آئین پاکستان کی روح کے منافی ہے۔اس بارہ میں جماعت احمدیہ صدر پاکستان، وزیراعظم اور چیف الیکشن کمشنر کومتعدد بار اپنے موقف سے آگاہ کرچکی ہے۔

ان انتخابات میں اقلیتوں کیلئے مخصوص نشستوں پر انتخاب میں حصہ لینا احمدی اپنے اعتقاد اور ضمیر کے برخلاف سمجھتے ہیں کیونکہ ان نشستوں پر انتخاب لڑنے کیلئے حضرت محمد ﷺ سے قطع تعلق کا اعلان کرنا پڑتا ہےاور یہ اعلان جماعت احمدیہ کے عقائد کے مطابق کسی طرح بھی ممکن نہیں۔ان نشستوں پر اگر کوئی بطور احمدی حصہ لیتا ہے تو وہ کسی صورت میں احمدیوں کا نمائندہ نہیں کہلاسکتا اور نہ ہی احمدی اسے اپنا نمائندہ تسلیم کریں گے۔

اس صورت حال کے پیش نظر جماعت احمدیہ ان بلدیاتی انتخابات سے لاتعلقی کا اعلان کرتی ہے۔

ملک خالد مسعود

ناظر امور عامہ

صدر انجمن احمدیہ پاکستان چناب نگر (ربوہ)

روزنامہ الفضل کی شرح چندہ میں اضافہ

احباب جماعت کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مہنگائی کی وجہ سے روزنامہ الفضل کی قیمت یکم جولائی 2005ء سے فی پرچہ 3 روپے 50 پیسے سے بڑھا کر 4 روپے کردی گئی ہے۔اس کے مطابق خریدار حضرات کے لئے نئی شرح یہ ہوگی۔

شرح بیرون ربوہ (ڈاک خرچ شامل ہے)

سالانہ چندہ (روزنامہ)	-/1425 روپے
ششماہی چندہ (روزنامہ)	-/715 روپے
سہ ماہی چندہ (روزنامہ)	360 روپے
صرف خطبہ نمبر (سالانہ)	300 روپے

شرح اندرون ربوہ

ربوہ میں چونکہ ڈاک خرچ نہیں ہوتا اس لئے ربوہ کے خریدار حضرات کے لئے نئی شرح چندہ یہ ہوگی۔

سالانہ چندہ (روزنامہ)	-/1200 روپے
ششماہی چندہ (روزنامہ)	-/600 روپے
سہ ماہی چندہ (روزنامہ)	-/300 روپے
صرف خطبہ نمبر (سالانہ)	-/300 روپے

شرح بیرون پاکستان (ڈاک خرچ شامل ہے)

براعظم ایشیا، براعظم یورپ، براعظم افریقہ	روزانہ -/8400 روپے ہفتہ وار پیکٹ -/4800 روپے خطبہ نمبر -/1800 روپے
براعظم امریکہ، براعظم آسٹریلیا، پیسفک جزائر (فجی)	روزانہ -/11000 روپے ہفتہ وار پیکٹ -/6800 روپے خطبہ نمبر -/2400 روپے
بنگلہ دیش	روزانہ -/7000 ہفتہ وار پیکٹ -/3900 روپے خطبہ نمبر -/1400 روپے

(نوٹ): مستقل خریداروں کو دوران سال روزنامہ الفضل کے خصوصی نمبر اسی قیمت پر فراہم کئے جائیں گے۔اسی طرح ضخیم سالانہ نمبر پر بھی کوئی زائد قیمت وصول نہیں کی جائے گی۔

آغا سیف اللہ

(مینیجر روزنامہ الفضل)

جلسہ سالانہ جماعت ہائے احمدیہ برطانیہ 2005ء

احمدیہ ٹیلی ویژن پر نشر ہونے والے LIVE پروگرامز

خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ برطانیہ کا 39 واں جلسہ سالانہ مورخہ 31,30,29 جولائی 2005ء بروز جمعۃ المبارک، ہفتہ، اتوار منعقد ہو رہا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس بابرکت موقع پر خطبہ جمعہ کے علاوہ چار خطابات ارشاد فرمائیں گے۔ اس جلسہ کے تمام پروگرامز احمدیہ ٹیلی ویژن پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کئے جائیں گے۔ پاکستانی وقت کے مطابق تفصیل درج ذیل ہے۔ احباب جماعت اس روحانی جلسہ سے زیادہ سے زیادہ استفادہ فرمائیں۔

جمعرات 28 جولائی 2005ء

4:00 بجے سہ پہر براہ راست نشریات کا آغاز
4:10 بجے سہ پہر تلاوت
4:20 بجے سہ پہر معائنہ انتظامات جلسہ سالانہ اور ڈیوٹی والوں سے حضور انور کا خطاب
5:00 بجے سہ پہر نظمیں اور انٹرویو
5:10 بجے سہ پہر انٹرویو مکرم منیر احمد فرخ صاحب (نائب افسر جلسہ سالانہ)

جمعۃ المبارک 29 جولائی 2005ء

4:00 بجے سہ پہر براہ راست نشریات کا آغاز
5:00 بجے سہ پہر خطبہ جمعہ (براہ راست)
6:10 بجے سہ پہر انٹرویوز (مکرم رفیق احمد حیات صاحب، مکرم عطاء المجیب راشد صاحب، مکرم ڈاکٹر ناصر احمد صاحب افسر جلسہ سالانہ)
8:25 بجے رات پرچم کشائی
8:30 بجے رات تلاوت، نظم، **حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا افتتاحی خطاب**
10:00 بجے رات انٹرویوز: عربی زبان میں
11:00 بجے رات مکرم سید نصیر احمد شاہ صاحب کا مختلف مہمانان کے ساتھ پروگرام

ہفتہ 30 جولائی 2005ء

2:00 بجے دوپہر تلاوت قرآن کریم و نظم
☆ تقریر ''غانا میں جماعت کے قیام کے دوران پیش آنے والے ایمان افروز واقعات'' (مکرم مولانا عبدالغفار صاحب)
☆ تقریر ''دین حق کی نظر میں دیگر مذاہب کا مقام'' (مکرم مولانا مبشر احمد کاہلوں صاحب)
☆ تقریر ''صحابہ رسولؐ کا جذبہ اطاعت'' (انگریزی) (مکرم رفیق احمد حیات صاحب امیر جماعت یو۔کے)
4:00 بجے سہ پہر **حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خواتین سے خطاب**
5:45 بجے سہ پہر انتخاب سخن
7:30 بجے شام تلاوت، نظم
حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا دوسرے روز کا خطاب
10:00 بجے رات مختلف مہمانان کے ساتھ پروگرام

اتوار 31 جولائی 2005ء

2:00 بجے دوپہر تلاوت قرآن کریم، نظم
☆ تقریر ''حضرت مسیح موعود کی دین حق کے لیے غیرت'' (مکرم چوہدری حمید اللہ صاحب)
☆ تقریر ''نظام خلافت اور ہماری ذمہ داریاں'' (مکرم عطاء المجیب راشد صاحب)
☆ معزز مہمانوں کے مختصر خطابات
☆ تقریر ''آنحضرت ﷺ کا اپنی ازواج سے حسن سلوک'' (مکرم بلال ایٹکنسن صاحب)
5:00 بجے سہ پہر **عالمی بیعت**
5:30 بجے سہ پہر انٹرویوز (عربی زبان میں)
8:00 بجے رات تلاوت، نظم، **حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا اختتامی خطاب**

یہ روز کر مبارک

اقبال کو بڑھانا اب فضل لے کے آنا
ہر رنج سے بچانا دکھ درد سے چھڑانا
خود میرے کام کرنا یا رب نہ آزمانا!
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

یہ تینوں تیرے چاکر ہوویں جہاں کے رہبر
یہ ہادیٔ جہاں ہوں یہ ہوویں نور یکسر
یہ مرجع شہاں ہوں یہ ہوویں مہر انور
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

اہل وقار ہوویں فخر دیار ہوویں
حق پر نثار ہوویں مولیٰ کے یار ہوویں
بابرگ و بار ہوویں اک سے ہزار ہوویں
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

تو ہے جو پالتا ہے، ہر دم سنبھالتا ہے
غم سے نکالتا ہے، دردوں کو ٹالتا ہے
کرتا ہے پاک دل کو حق دل میں ڈالتا ہے
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

تو نے سکھایا فرقاں جو ہے مدار ایماں
جس سے ملے ہے عرفاں اور دور ہووے شیطاں
یہ سب ہے تیرا احساں تجھ پر نثار ہو جاں
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

تیرا نبیؐ جو آیا اس نے خدا دکھایا
دین قویم لایا بدعات کو مٹایا
حق کی طرف بلایا مل کر خدا ملایا
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

قرباں ہیں تجھ پہ سارے جو ہیں مرے پیارے
احساں ہیں تیرے بھارے گن گن کے ہم تو ہارے
دل خوں ہیں غم کے مارے کشتی لگا کنارے
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

(درثمین)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

مکرم سعید احمد رشید صاحب

حضرت مسیح موعود اور خلفاء سلسلہ کے ارشادات کی روشنی میں

صحبت صالحین کی عظیم الشان برکات

اہمیت وضرورت

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا واضح ارشاد مبارک ہے کہ

صادقین کے ساتھ ہو جاؤ (توبہ :119) اس فرمان الٰہی کے معنی یہ ہیں کہ نیک پاک اور صادق لوگوں کی صحبت میں رہو، اور ان کی معیت اختیار کرو۔ اور دوسرے معنی یہ ہیں کہ ان کے رنگ اختیار کرو، ان جیسے ہو جاؤ۔ ان کی صفات، اعلیٰ اخلاق اور عادات کو اپناؤ اور ان کی اعلیٰ اقدار کا رنگ اپنے اوپر چڑھاؤ۔

جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے آپؐ کے رنگ اپنے اوپر چڑھائے اور آپ کی صحبت سے ان کے اندر عظیم الشان تبدیلیاں اور انقلاب برپا ہوئے کہ انبیاء کی تاریخ میں ایسی مثال نہیں ملتی۔

وہ جو صدیوں سے خون کے پیاسے تھے قتل و غارت جن کا عام مشغلہ تھا۔ اور شراب جن کی گھٹی میں پڑ چکی تھی۔ ہر قسم کا دنگا فساد، لڑائی جھگڑا، جھوٹ، بدعہدی دوسروں کی جائیداد و اموال پر قبضہ کرنا غرض کون سی برائی تھی جس سے وہ قوم مبرا تھی۔

پھر کیا ہوا کہ آسمان کی آنکھ نے ایسا عظیم الشان نظارہ دیکھا کہ جو اس سے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا۔ ایسا پاک روحانی انقلاب کہ جو اس سے قبل کبھی بپا نہ ہوا تھا۔ کہ دیکھتے دیکھتے صدیوں کے بگڑے ہوئے راہ راست پر آ گئے۔ ایک دوسرے کے خون کے پیاسے، ایک دوسرے کی عزت، مال اور دولت لوٹنے والے بھائی بھائی بن گئے۔ اور اپنی عزتیں، جانیں اور اموال ایک دوسرے پر قربان کرنے لگے۔ پانچ وقت کے شرابی پنجگانہ نمازیں ادا کرنے والے بن گئے۔ ساری ساری رات رقص و سرود کی محفلیں سجانے والے تہجد گزار بن گئے۔ 360 بتوں کے پجاری خدائے واحد ویگانہ کے سچے اور مخلص پرستار بن گئے۔ اور بالآخر اسی دنیا میں انہیں آسمان سے خدا کی رضا اور خوشنودی کا سرٹیفکیٹ عطا ہوا۔

یہ عظیم الشان روحانی انقلاب اس نبی معصوم کی پاک صحبت کا نتیجہ تھا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ کے لئے یہ عظیم رہنما اصول بتا دیا کہ کونوا مع الصادقین۔ کہ ہمیشہ پاک اور صادق لوگوں کی صحبت میں رہنا تا کہ راہ راست سے کبھی دور نہ ہو سکو۔ اس عظیم نکتے کو حضرت مصلح موعود نے خوب سمجھا اور جماعت کو یہ عظیم الشان ماٹو دیا کہ

''اصلاح قوم کا حقیقی ذریعہ صحبت صلحاء ہے''۔
(تفسیر کبیر جلد 5 ص 390)

پس اس سے صحبت صالحین کی اہمیت وضرورت کتنی واضح ہے۔ اور ہمارے لئے کس قدر ضروری ہے کہ ہم ہمیشہ خدا کے ان پاک بندوں کی صحبت میں رہنے کے لئے اور ان سے فیض حاصل کرنے کے لئے کوشاں رہیں۔ اس ضمن میں حضرت مسیح موعود کے چند ارشادات پیش خدمت ہیں۔ آپ فرماتے ہیں۔

انسان کے دراصل دو وجود ہوتے ہیں ایک وجود تو وہ ہے جو ماں کے پیٹ میں تیار ہوتا ہے...... لیکن ایک اور وجود بھی انسان کو دیا جاتا ہے جو صادق کی صحبت میں تیار ہوتا ہے...... اس وجود پر ایک قسم کی موت وارد ہو جاتی ہے..................اور شبہات سے جو اس کے دل کو تاریک کئے رہتے تھے ان سے اس کو نجات مل جاتی ہے۔ اور یہی وجود حقیقی نجات ہوتی ہے۔ جو سچی پاکیزگی کے بعد ملتا ہے۔
(ملفوظات جلد دوم ص 5)

معرفت کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ اول خدا شناس ہو۔ خدا شناسی حاصل نہیں ہوتی جب تک کسی خدا نما انسان کی مجلس میں صدق نیت اور اخلاص کے ساتھ ایک کافی مدت تک نہ رہے۔
(ملفوظات جلد دوم ص 22-21)

دنیا میں یہی بات غور کے قابل ہے کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ کونوا مع الصادقین یعنی اے بندو تمہارا بچاؤ اسی میں ہے کہ صادقوں کے ساتھ ہو جاؤ۔
(ملفوظات جلد دوم ص 632)

شریعت کی کتابیں حقائق اور معارف کا ذخیرہ ہوتی ہیں لیکن حقائق اور معارف پر کبھی پوری اطلاع نہیں مل سکتی جب تک صادق کی صحبت اخلاص اور صدق سے اختیار نہ کی جاوے۔
(ملفوظات جلد دوم ص 163)

ایمان اور اتقاء کے مدارج کامل طور پر کبھی حاصل نہیں ہو سکتے جب تک صادق کی معیت اور صحبت نہ ہو۔ کیونکہ اس کی صحبت میں رہ کر وہ اس کے انفاس طیبہ، عقد ہمت اور توجہ سے فائدہ اٹھاتا ہے۔
(ملفوظات جلد دوم ص 163)

یقین کے خواہش مند کے لئے ضروری ہے کہ کونوا مع الصادقین سے حصہ لے۔
(ملفوظات جلد دوم ص 5)

وہ عظیم ذریعہ جس سے ایک چمکتا ہوا یقین حاصل ہو۔ اور خدا تعالیٰ پر بصیرت کے ساتھ ایمان قائم ہو ایک ہی ہے کہ انسان ان لوگوں کی صحبت اختیار کرے جو خدا تعالیٰ کے وجود پر زندہ شہادت دینے والے ہوں۔
(ملفوظات جلد دوم ص 22)

یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ صبر کی حقیقت میں سے یہ بھی ضروری بات ہے کہ کونوا مع الصادقین۔ صادقوں کی صحبت میں رہنا ضروری ہے بہت سے لوگ ہیں جو دور بیٹھے رہتے ہیں اور کہہ دیتے ہیں کہ کبھی آئیں گے اس وقت فرصت نہیں۔
(ملفوظات جلد اول ص 124)

دو عمل ضرور یاد رکھو۔ ایک دعا دوسرے ہم سے ملتے رہنا۔ تا کہ تعلق بڑھے اور ہماری دعا کا اثر ہو۔
(ملفوظات جلد سوم ص 69)

پھر اس کی مزید اہمیت وضرورت کو واضح کرتے ہوئے فرمایا

اللہ تعالیٰ کے پیارے مقرب کے پاس رہنا گویا ایک طرح سے خود خدا تعالیٰ کے پاس رہنا ہوتا ہے۔
(ملفوظات جلد سوم ص 462)

اعمال نیک کے واسطے صحبت صادقین کا نصیب ہونا بہت ضروری ہے یہ خدا کی سنت ہے ورنہ اگر چاہتا تو آسمان سے قرآن یونہی بھیج دیتا اور کوئی رسول نہ آتا۔
(ملفوظات جلد سوم ص 129)

تزکیہ نفس کے واسطے صحبت صالحین اور نیکوں کے ساتھ تعلق پیدا کرنا بہت مفید ہے.................. آدمی ایسا جانور ہے کہ اس کا تزکیہ ساتھ ساتھ ہوتا رہے تو سیدھی راہ پر چلتا ہے ورنہ بہک جاتا ہے۔
(ملفوظات جلد اول ص 306)

ہمارا کام اور ہماری غرض .... یہ ہے کہ تم اپنے اندر ایک تبدیلی پیدا کرو۔ اور بالکل ایک نئے انسان بن جاؤ۔ اس لئے ہر ایک کو تم میں سے ضروری ہے کہ وہ اس راز کو سمجھے اور ایسی تبدیلی کرے کہ وہ کہہ سکے کہ میں اور ہوں۔ میں پھر کہتا ہوں کہ یقیناً یقیناً جب تک ایک مدت تک ہماری صحبت میں رہ کر یہ نہ سمجھے کہ میں اور ہو گیا ہوں، اسے فائدہ نہیں پہنچتا۔ ....الغرض زندوں کی صحبت میں رہتا کہ زندہ خدا کا جلوہ تم کو نظر آوے۔
(ملفوظات جلد اول ص 352)

ارشادات حضرت خلیفة المسیح الاول

صحبت صالحین کی اہمیت وضرورت کے بارہ میں حضرت خلیفہ اول فرماتے ہیں۔

تم نے مولویوں کو ناراض کیا۔ سجادہ نشینوں کو چھوڑا۔ اور اکثروں کو یہ مشکلات پیش آئیں کہ ان کو اپنے رشتہ داروں یا عزیزوں سے قطع تعلق کرنا پڑا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں رہنے کی کس قدر ضرورت ہے۔ (حقائق الفرقان جلد 2 ص 314)

پھر فرماتے ہیں

میں نے ایک خطرناک ڈاکو سے پوچھا کہ کبھی تمہارے دل نے ملامت کی ہے تو وہ کہنے لگا کہ تنہائی میں ضمیر ملامت کرتا ہے۔ مگر جب ہماری چار یاری اکٹھی ہوتی ہے تو پھر کچھ یاد نہیں رہتا۔ اور نہ یہ افعال برے لگتے ہیں یہ سب صحبت بد کا اثر ہے۔ قرآن کریم میں کونوا مع الصادقین کا اس واسطے حکم آیا ہے۔ تا کہ انسان کی قوتیں نیکی کی طرف متوجہ رہیں اور نیک حالات میں نشوونما پاتی رہیں۔
(حقائق الفرقان جلد 1 ص 208)

پھر نصیحت کے رنگ میں فرمایا۔

وقتوں کی حفاظت کرو، دعا سے کام لو۔ صحبت صلحاء اختیار کرو۔ صحبت صلحاء بڑھاؤ۔
(حقائق الفرقان جلد 2 ص 417)

پھر اپنی کیفیت اور مثال دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔

اللہ کو خیر الرازقین یقین کرو۔ اور مت خیال کرو۔ کہ صادق کی صحبت میں رہنے سے کوئی نقصان ہوگا۔ کبھی ایسی جرأت کرنے کی کوشش نہ کرو کہ اپنی ذاتی اغراض کو مقدم کر لو۔

خدا کے لئے جو کچھ انسان چھوڑتا ہے اس سے کہیں بڑھ کر پالیتا ہے۔ تم جانتے ہو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کیا چھوڑا تھا اور پھر کیا پایا۔ صحابہؓ نے کیا چھوڑا ہو گا۔ اس کے بدلہ میں کتنے گنے زیادہ خدا نے ان کو دیا (............)

تجارتوں میں خسارہ کا ہو جانا یقینی اور کاروبار میں تباہیوں کا واقع ہو جانا قرین قیاس ہے۔ لیکن خدا تعالیٰ کے لئے کسی چیز کو چھوڑ کر کبھی انسان خسارہ نہیں اٹھا سکتا۔ .... میں نے بسا اوقات نصیحت کی ہے۔ کونوا مع الصادقین پر عمل کرنے کے واسطے ضروری ہے۔ یہاں آ کر رہو۔ بعض نے جواب دیا کہ تجارت یا ملازمت کے کاموں سے فرصت نہیں ہوتی۔ لیکن ان کو آج یہ سناتا ہوں کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ تمام تجارتوں کو چھوڑ کر ذکر اللہ کی طرف آ جاؤ۔ وہ اس بات کا کیا جواب دے سکتے ہیں؟ کیا ہم کنبہ قبیلہ والے نہیں؟ کیا ہماری ضروریات اور ہمارے اخراجات نہیں ہیں؟ کیا ہم کو دنیوی عزت یا وجاہت بری لگتی ہے؟

پھر وہ کیا چیز ہے جو ہم کو کھینچ کر یہاں لے آئی؟ .... میں اگر شہر میں رہوں تو بہت روپیہ کما سکوں۔ لیکن میں کیوں ساری آمدنیوں پر قادیان کے رہنے کو ترجیح دیتا ہوں؟

اس کا مختصر جواب میں یہی دوں گا کہ میں نے یہاں وہ دولت پائی ہے جو غیر فانی ہے جس کو چور اور قزاق نہیں لے جاسکتا۔ مجھے وہ ملا ہے جو تیرہ سو برس کے اندر آرزو کرنے والوں کو نہیں ملا۔

پھر ایسی بے بہا دولت چھوڑ کر میں چند روزہ دنیا کے لئے مارا مارا پھروں؟ میں سچ کہتا ہوں کہ اگر اب کوئی مجھے ایک لاکھ کیا ایک کروڑ روپیہ یومیہ بھی دے اور قادیان سے باہر رکھنا چاہے۔ میں نہیں رہ سکتا۔ .... پس میری دولت، میرا مال، میری ضرورتیں اسی امام کے اتباع تک ہیں۔ اور دوسری ساری ضرورتوں کو اس ایک وجود پر قربان کرتا ہوں۔''

(حقائق الفرقان جلد 4 ص 132-131)

ردی نہ سمجھو

پھر حضرت اقدس مسیح موعود انتباہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

پس اگر تم واقعی اس سلسلہ کو شناخت کرتے ہو اور خدا پر ایمان لاتے ہو اور دین کو دنیا پر مقدم کرنے کا سچا وعدہ کرتے ہو تو میں پوچھتا ہوں کہ اس پر عمل کیا ہوتا ہے۔

کیا کونوا مع الصادقین کا حکم منسوخ ہو چکا ہے؟ اگر تم واقعی ایمان لاتے ہو اور سچی خوش قسمتی یہی ہے تو اللہ تعالیٰ کو مقدم کرلو۔

اگر ان باتوں کو ردی اور فضول سمجھو گے تو یاد رکھو خدا تعالیٰ سے ہنسی کرنے والے ٹھہرو گے۔

(ملفوظات جلد اول ص 125)

صحبت کا اثر

صحبت کے اندر عظیم الشان تاثیر اور جذب ہوتا ہے۔ نیک صحبت نیک اثر پیدا کرتی ہے اور بد صحبت انسان کو برائی کی طرف لے جاتی اور 'بد' بنا دیتی ہے۔ اس بارہ میں حضرت اقدس مسیح موعود کے ارشادات اور چند مثالیں جو کہ ازدیاد ایمان کا موجب ہوں گی پیش کی جاتی ہیں۔

صحبت کا بہت بڑا اثر ہوتا ہے جو اندر ہی اندر ہوتا چلا جاتا ہے۔ اگر کوئی شخص ہر روز کنجریوں کے ہاں جاتا ہے اور پھر کہتا ہے کہ کیا میں زنا کرتا ہوں؟ اس سے کہنا چاہئے کہ ہاں تو کرے گا۔ اور وہ ایک نہ ایک دن اس میں مبتلا ہو جاوے گا۔ کیونکہ صحبت میں تاثیر ہوتی ہے۔ اسی طرح پر جو شخص شراب خانہ میں جاتا ہے خواہ وہ کتنا ہی پرہیز کرے اور کہے کہ میں نہیں پیتا ہوں لیکن ایک دن آئے گا کہ وہ ضرور پیئے گا۔

پس اس سے کبھی بے خبر نہیں رہنا چاہئے کہ صحبت میں بہت بڑی تاثیر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اصلاح نفس کے لئے کونوا مع الصادقین کا حکم دیا ہے۔ جو شخص نیک صحبت میں جاتا ہے خواہ وہ مخالفت ہی کے رنگ میں ہو لیکن وہ صحبت اپنا اثر کئے بغیر نہ رہے گی۔ اور ایک نہ ایک دن وہ اس مخالفت سے باز آجائے گا۔'' (ملفوظات جلد سوم ص 505-506)

پھر فرمایا

اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا تھا کونوا مع الصادقین اس میں بڑا نکتہ معرفت یہی ہے کہ چونکہ صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے اس لئے ایک راستباز کی صحبت میں رہ کر انسان راستبازی سیکھتا ہے اور اس کے پاک انفاس کا اندر ہی اندر اثر ہونے لگتا ہے۔ جو اس کو خدا تعالیٰ پر ایک سچا یقین اور بصیرت عطا کرتا ہے اس صحبت میں صدق دل سے رہ کر وہ خدا تعالیٰ کی آیات اور نشانات کو دیکھتا ہے جو ایمان بڑھانے کے ذریعے ہیں۔ (ملفوظات جلد سوم ص 506)

پھر ایک اور رنگ میں صحبت کی عظیم الشان تاثیر کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

اہل نظر کی ایک خاصیت یہ ہے کہ وہ پتھر کو سونے کی مانند بنا دیتے ہیں وہ ایسے لوگ ہیں جن کا ہم مجلس بے نصیب نہیں رہتا اور جن کا دوست محروم نہیں لوٹتا۔

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم حاشیہ ص 309)

نیز فرمایا

ان کے چہروں پر عشق الٰہی کا ایک نور ہوتا ہے۔ جو شخص اس کو دیکھ لے اس پر نار جہنم حرام کی جاتی ہے۔

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 337)

پھر اپنی مجلس کی صحبت اور اس کی تاثیر عظیم کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

اس کے فضل و کرم سے ہماری مجلس خدا نما مجلس ہے۔

جو شخص اس مجلس میں صحت نیت اور پاک ارادہ اور مستقیم جستجو سے ایک مدت تک رہے تو میں یقین کرتا ہوں کہ اگر وہ دہریہ بھی ہو تو آخر خدا تعالیٰ پر ایمان لاوے گا۔

(کتاب البریہ۔ روحانی خزائن جلد 13 ص 55)

''اصل میں ہمارے پاس آنا خدا کے حضور جانا ہے''۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 573)

یعنی حضرت مسیح موعود کی صحبت انسان کو خدا تک پہنچا دیتی ہے۔

اسی طرح فرمایا

اس نے مجھے مبعوث کیا ہے تا میں ان لوگوں کو جو اللہ تعالیٰ سے غافل اور بے خبر ہیں اس کی اطلاع دوں اور نہ صرف اطلاع بلکہ جو صدق اور صبر اور وفاداری کے ساتھ اس طرف آئیں انہیں خدا تعالیٰ کو دکھلا دوں۔

(ملفوظات جلد سوم ص 5)

میں سچ سچ کہتا ہوں کہ اس وقت خدا تعالیٰ کا پاک اور خوشنما چہرہ دنیا کو نظر نہ آتا تھا اور اب مجھ میں ہو کر نظر آئے گا۔ اور آرہا ہے۔ کیونکہ اس کی قدرتوں کے نمونے اور عجائبات قدرت میرے ہاتھ پر ظاہر ہو رہے ہیں۔ (ملفوظات جلد سوم ص 5)

نیز فرمایا۔

میں عجائبات زمانہ میں سے ہوں اور میں گناہ و نافرمانی سے پاک اور دور کیا گیا ہوں اور اسی طرح وہ شخص بھی پاک اور تبدیل کر دیا جاتا ہے جو مجھ سے محبت کرے اور صدق دل سے میرے پاس آئے اور میرے انفاس خطاؤں کے زہر کا تریاق ہیں۔

اور خطرات کو شبہات کے بازار میں لے جانے سے روکنے والی دیوار ہیں۔

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم ص 308)

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب آپ کی اس تریاقی صحبت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

سینکڑوں ہزاروں ایسے ہیں جو چند دن کی صحبت میں رہ کر ہمیشہ کے لئے رام ہو گئے اور پھر انہوں نے آپ کی غلامی کو سب فخروں سے بڑا فخر جانا۔

(سلسلہ احمدیہ ص 101)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول اپنی ذاتی مثال دے کر حضرت مسیح موعود کی پاک صحبت کا انقلابی اثر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

لوگ اکسیر اور سنگ پارس تلاش کرتے پھرتے تھے میرے لئے تو حضرت مرزا صاحب پارس تھے میں نے ان کو چھوا تو بادشاہ بن گیا۔

(تاریخ احمدیت جلد سوم ص 565)

میں نے آپ کی صحبت میں یہ فائدہ اٹھایا کہ دنیا کی محبت مجھ پر بالکل سرد پڑ گئی .... یہ سب مرزا صاحب کی قوت قدسیہ اور فیض صحبت سے حاصل ہوا۔

(تاریخ احمدیت جلد سوم ص 565)

حضرت مسیح موعود حضرت خلیفہ اول پر اپنی اس صحبت کی تاثیر کا ذکر کچھ اس طرح فرماتے ہیں۔

اگر میں نور الدین کو حکم دوں کہ تو پانی میں چلا جا تو وہ جانے کے لئے تیار ہے۔ اگر میں اس کو کہوں کہ آگ میں داخل ہو جا تو وہ میرے حکم سے آگ میں بھی جانے کو تیار ہے۔ وہ کسی طرح بھی میرے حکم سے انکار نہیں کر سکتا۔

(تاریخ احمدیت جلد سوم ص 567)

صحبت صالحین کی برکات

صحبت صالحین کے بے شمار فوائد و برکات ہیں۔ مضمون کے شروع میں آنحضرتؐ کی صحبت میں رہنے والے صحابہ کی جو مثال بیان کی گئی ہے کہ ان کے اندر کیا کیا پاک تبدیلیاں پیدا ہوئیں اور کیا کیا روحانی انقلاب ان کی زندگیوں میں برپا ہوئے یہ سب صحبت صالحین کی برکات اور فوائد ہیں اسی طرح سارے مضمون میں جو کچھ اہمیت و ضرورت، اور محبت کا اثر عنوان کے تحت لکھا جا چکا ہے وہ بھی اسی فوائد و برکات کے زمرے میں آتا ہے۔ تاہم الگ خصوصیت کے طور پر بھی اس کی اہمیت ہے۔ اس لئے اس حصے کو نمایاں کر کے بیان کیا جاتا ہے تا اس سے متاثر ہو کر کوئی روح فائدہ اٹھا سکے۔

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں۔

انسان کو اگر دیکھنے کی آرزو ہو تو ان کو دیکھیں جو منقطعین ہیں۔ اور خدا کی طرف آ گئے ہیں اور خدا ان کو زندہ کرتا ہے ان کی زیارت سے مصائب دور ہوتے ہیں۔

جو شخص رحمت والے کے پاس آوے گا تو وہ رحمت کے قریب تر ہو گا۔ (ملفوظات جلد دوم ص 632)

ہم یہ کہتے ہیں کہ کونوا مع الصادقین۔ صادق کی صحبت میں رہو تو خدا تعالیٰ کے فضل سے بہت سے امور میں مشکلات آسان ہو جاتی ہیں۔

(ملفوظات جلد 5 ص 82)

جو شخص ایسے آدمی کے پاس جو حرکات و سکنات، افعال و اقوال میں خدائی نمونہ اپنے اندر رکھتا ہے صحت نیت اور پاک ارادہ اور مستقیم جستجو سے ایک مدت تک رہے گا۔ تو یقین کامل ہے کہ وہ اگر دہریہ بھی ہو تو آخر خدا تعالیٰ کے وجود پر ایمان لے آئے گا۔

(ملفوظات جلد 2 ص 5)

جو شخص ایک ہفتہ ہماری صحبت میں آ کر رہے گا وہ مشرق و مغرب کے مولوی سے بڑھ جائے گا۔

(ملفوظات جلد 4 ص 649)

یہاں کا رہنا تو ایک قسم کا آستانہ ایزدی پر رہنا ہے اس حوض کوثر سے وہ آب حیات ملتا ہے کہ جس کے پینے سے حیات جاودانی نصیب ہوتی ہے جس پر ابدالآباد تک موت ہرگز نہیں آسکتی۔

(ملفوظات جلد سوم ص 463)

صادق کی معیت میں انسان کی عقدہ کشائی ہوتی ہے اور اسے نشانات دیئے جاتے ہیں جن سے اس کا جسم منور اور روح تازہ ہوتی ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 126)

ایک راستباز کی صحبت میں رہ کر انسان راستبازی سیکھتا ہے اور اس کے پاک انفاس کا اندر ہی اندر اثر ہونے لگتا ہے جو اس کو خدا تعالیٰ پر ایک سچا یقین اور بصیرت عطا کرتا ہے اس صحبت میں صدق دل سے رہ کر وہ خدا تعالیٰ کی آیات اور نشانات کو دیکھتا ہے جو ایمان بڑھانے کے ذریعے ہیں۔

(ملفوظات جلد سوم ص 506)

الغرض زندوں کی صحبت میں رہو تا کہ زندہ خدا کا جلوہ تم کو نظر آوے۔ (ملفوظات جلد اول ص 352)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں۔

نبی و راستباز کی صحبت میں بیٹھ رہنے سے بہت فائدہ حاصل ہوتا ہے خواہ کچھ نہ سنے نفس۔ ''بیٹھنا'' بھی ان انوار و برکات سے حصہ دلاتا ہے۔''

(حقائق الفرقان جلد دوم ص 321)

چھتری لے کر

''بو'' جماعت سیرالیون کے ایک بہت ہی بزرگ اور مخلص دوست پا روجز مرحوم ہوا کرتے تھے۔ چونکہ سیرالیون میں چھ ماہ مسلسل بارشیں ہوتی ہیں مگر یہ بزرگ باوجود ادھیڑ عمری کے باقاعدہ چھتری لئے ہر نماز پر بیت الذکر آتے۔ یہی کیفیت پامانا اور پا ابراہیم جالو (مربی مکرم ہارون جالو کے والد) کی ہوا کرتی تھی۔ اور شدید بارش میں ان کے آنے سے اور بلند آواز سے السلام علیکم کہنے سے اندازہ ہوتا تھا کہ نمازی آگئے ہیں۔ (الفضل 31 مارچ 2003ء)

گوتم بدھ قدیم ہندوستان کا عظیم مصلح

ایک شہزادہ جس نے زندگی کی آسائشوں کو خیرباد کہہ کر معاشرتی امن کا پرچار کیا

انیس احمد ندیم صاحب

حضرت مصلح موعود ان کے بارے میں فرماتے ہیں:
''اس نے خداتعالیٰ کو پالیا اور اس کا نام بدھ یعنی عقل مجسم ہوا۔''
(عرفان الٰہی اور محبت باللہ کا عالی مرتبہ۔انوار العلوم جلد 11 ص 230)

آپ کا اصل نام شہزادہ سدھارتھ تھا۔ یہ شہزادہ ''کپل وستو'' کے راجہ کا بیٹا تھا جو نیپال کی سرحد کے نزدیک شمالی ہندوستان کا ایک شہر ہے .سدھارتھ 563 قبل مسیح میں پیدا ہوئے تاہم اس امر میں اختلاف بھی ہے کہ معین سن پیدائش کیا ہے لیکن کم و بیش یہ دور وہی ہے جب چین میں کنفیوشس اور فارس میں زرتشت کا دور تھا۔

آپ کی والدہ آپ کی پیدائش کے کچھ دن بعد ہی انتقال کر گئیں ،بعدازاں آپ کی پرورش آپ کی خالہ نے کی جن سے ان کے والد نے شادی کر لی تھی۔ بدھ کی پیدائش کے موقع پر ایک ہندو رشی محل میں آیا جس کا نام استیا تھا اس نے غور سے دیکھنے کے بعد بدھ کے مستقبل سے متعلق بعض خوش خبریوں کا ذکر کیا۔

بدھ کی تعلیم و تربیت کے لیے غیر معمولی انتظام کیا گیا وید کا مطالعہ کیا اور سنسکرت زبان بھی پڑھی آپ کے والد کی خواہش تھی کہ جوان ہو کر وہ ان کا سیاسی جانشین ثابت ہو لہٰذا انہیں فنون حرب کی تربیت بھی دی گئی ۔پندرہ سولہ برس کی عمر میں آپ کی شادی ہوگئی۔ Yasodhara آپ کی بیوی ننھیال کی طرف سے آپ کی کزن تھیں۔

شاہی محل کے پرتعیش ماحول میں بدھ کی پرورش ہوئی لیکن ان پر اس ماحول کا چنداں اثر نہ ہوا اور وہ اس میں رہتے ہوئے بھی اس سے دور اور بے کل تھے۔

انتیس برس کی عمر میں جب ان کے ہاں بیٹا تولد ہوا تو گوتم نے محل کی اس زندگی کو خیر باد کہہ کر سچ کی تلاش کے لیے اپنی زندگی وقف کرنے کا فیصلہ کیا اب انہوں نے راہبانہ زندگی اختیار کر لی اور چھ سال تک ریاضت شاقہ کی اور اس دوران غذا بھی بالکل محدود کر لی، بلکہ ایک موقع پر یہ سوچا کہ کیوں نہ کھانے سے مکمل اجتناب کیا جائے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کا جسم بالکل لاغر ہو گیا اور انہیں اس بات کا خود ہی احساس ہوا کہ راہ اعتدال اختیار کرنی چاہیے۔

بدھ نے جب یہ مناسب سمجھا کہ انہیں اپنی صحت کا بھی خیال رکھنا چاہیے تو وہ دریائے Niranjana کی طرف گئے نہا کر واپس آ رہے تھے تو راستے میں انہیں دودھ اور چاول پیش کیے گئے جنہیں کھا کر وہ صوبہ بہار کے شہر Gaya سے دس کلومیٹر دور پیپل یا بعض روایتوں کے مطابق انجیر کے درخت کے نیچے آلتی پالتی مار کر بیٹھ گئے اور مصمم ارادہ کر لیا کہ جب تک نور کامل حاصل نہیں ہوتا وہ یہاں سے نہیں اٹھیں گے. مارا (شیطانی قوت) نے بدھ کے ارادوں کو شکست دینے کی کوشش کی لیکن بدھ اس سے مرعوب یا مغلوب نہ ہوئے۔ یہاں انہوں نے موت و حیات خواہشات نفسانی اور معاشرتی بدامنی کے خاتمے کے لیے مختلف پہلوؤں پر غور کیا۔ 48 دن تک وہ اسی درخت کے نیچے رہے اور 49 ویں دن انہیں نروان حاصل ہوا اس وقت آپ کی عمر 35 برس ہو چکی تھی۔

بدھ کی بنیادی تعلیمات اسی مراقبہ کے گرد گھومتی ہیں اور انہیں چار اعلیٰ سچائیوں کے نام سے یاد کیا جاتا ہے

انسانی زندگی اپنی فطرت کے ماتحت دکھوں کا مسکن ہے. (Dukkha)

☆ان مسائل کا سبب انسان کی خودغرضی اور خواہش ہے (Dukkha samudaya)

☆انسانی خودغرضی اور خواہشات کو ختم کیا جاسکتا ہے

Dukkha nirodha

اس منزل کو پانے کے لئے اور نجات کے حصول کے لئے مندرجہ ذیل راستہ کی پیروی ضروری ہے۔

1۔صحیح فہم و ادراک
2۔صحیح فکر و خیال
3۔صحیح گفتار
4۔صحیح عمل
5۔صحیح ذریعہ معاش
6۔صحیح جدوجہد
7۔صحیح بیداری اور چستی
8۔صحیح توجہ اور دھیان

انسان خواہشات کو جتنا ختم کرتا چلا جاتا ہے اس کے نتیجہ میں اس کی زندگی دکھ سے سکھ کی طرف سفر کرتی ہے اور عمل و کردار کے ہشت پہلو راستہ پر پوری طرح گامزن ہونے اور جملہ تقاضوں کو پورا کرنے سے اسے کامل نجات مل سکتی ہے اس بات کو بدھ ازم میں نروان کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

بدھ نے اس حقیقت کو پانے کے بعد اس کا پرچار شروع کیا اور سب سے پہلا تبلیغی دورہ بنارس کی طرف کیا اور پہلا وعظ کیا جو بدھ ازم کے ان عقائد کی بنیاد ہے۔ بدھ کی تبلیغی مساعی کے نتیجے میں تین ماہ میں ہی ساٹھ افراد ان کے مرید بن گئے اور انہیں بھی بدھ نے تبلیغ کے لیے مختلف علاقوں کی طرف روانہ کیا اور خود بھی دن رات اس کام میں مصروف ہو گئے اور اپنے اہل خانہ کی طرف لوٹے اور انہیں اپنا ہم خیال بنالیا جو یقیناً بہت بڑی کامیابی تھی۔

گوتم بدھ کی زندگی اور وفات کے بعد بھی آہستہ آہستہ یہ لائحہ عمل لوگ اپناتے رہے لیکن تیسری صدی قبل مسیح میں ہندوستانی بادشاہ راجہ اشوک کے بدھ دھرم قبول کرنے کے ساتھ ہی ہندوستان بھر میں اسے پذیرائی حاصل ہوئی۔ نہ صرف ہندوستان بلکہ جنوبی ایشیا کے دوسرے حصوں اور مشرق بعید میں بھی تیزی سے پھیلنے لگا بلکہ یہ اثرات شمال کی طرف افغانستان اور وسط ایشیا تک پہنچے۔ ہندوستان میں 500 ء کے بعد بدھ ازم تنزل کا شکار ہوا اور اس کی جگہ ہندو ازم نے لے لی۔

بدھ نے اسی سال کی عمر میں 483 قبل مسیح میں Kusinagara میں وفات پائی. گو کہ پیدائش کی طرح سن وفات میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔

بدھ نے اپنی زندگی میں اپنی تعلیمات عقائد کے متعلق کوئی تحریری ریکارڈ تیار نہیں کروایا۔ آپ زبانی طور پر شاگردوں کو تعلیم دیتے رہے اور یہی سلسلہ آپ کی وفات کے بعد بھی جاری رہا جب ان میں اختلاف پیدا ہونے شروع ہوئے تو آشوک کے زمانے تک تین کونسلیں ہوئیں جن میں بدھی تعلیمات کو متعین کرنے کی کوشش کی گئی۔

تمام Bodhisattvas کے لیے ضروری ہے کہ وہ اعلیٰ روحانی مقام کے حصول کے لیے تارک الدنیا ہونے سے قبل تمام دنیوی لذات سے لطف اندوز ہوں اور شادی کریں ،نرینہ اولاد ہو اور پھر تارک الدنیا ہوں عدم تشدد پر بدھ مت کے اصرار نے ''بدھ'' ملکوں کی سیاسی تاریخ میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔

قرآن حکیم نے ہر قوم اور خطہ میں انبیاء کی آمد کا نظریہ پیش کیا ہے اور حضرت مسیح موعود نے اسی قرآنی نظریہ کے مطابق پیغام صلح میں یہ تحریر فرمایا ہے کہ وہ بزرگان جنہوں نے اپنی قوم کی اصلاح کا بیڑا اٹھایا اور کروڑوں لوگوں نے انہیں اور ان کے نظریات کو مان لیا یہ بات ہی ان کی صداقت کے لیے کافی ہے۔ اور حضور نے قرآن کریم کے اس دعویٰ کی صداقت کے ثبوت میں یہ نظریہ پیش فرمایا کہ کرشن، رام چندر اور بدھ اپنے اپنے زمانے کے مامورین تھے اور حضرت مسیح موعود وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے اس حقیقت کو دنیا کے سامنے پیش فرمایا۔

قرآن حکیم نے ذوالکفل کے نام سے جس پیغمبر کا ذکر کیا ہے اور اسے صالحین، اخیار اور صبر کرنے والوں میں سے قرار دیا ہے اس سے متعلق بعض علماء کا خیال ہے کہ یہ حضرت بدھ ہی تھے، چنانچہ قصص القرآن میں لکھا ہے کہ ''ایک دوسرے معاصر کی عجیب رائے یہ ہے کہ ذوالکفل گوتم بدھ کا لقب ہے اس لیے کہ اس کے دارالسلطنت کا نام ''کپل'' تھا جس کا معرب ''کفل'' ہے اور عربی میں ذو صاحب اور مالک کے لیے آتا ہے'' (قصص القرآن جلد دوم صفحہ 178) اسی طرح سید سلیمان ندوی نے اپنے رسالہ ''معارف'' میں اسی امکان کا ذکر کیا ہے کہ ''قرآن مجید کی آیت وان من امة الا خلا فیھا نذیر کو پیش نظر رکھ کر مہاتما گوتم بدھ کا نظریہ ایک حد تک مانوس ہو جاتا ہے''

(المعارف، ایڈیٹر سلیمان ندوی بابت ماہ جنوری 1922ء)

اسی طرح مولوی حشمت اللہ خان لکھنوی نے تاریخ جموں سے متعلق ایک ضخیم کتاب تصنیف فرمائی ہے جس میں وہ لکھتے ہیں:۔ ''کتب تواریخ میں لکھا ہے کہ سکیا منی (بدھ) ہندوستان کے انبیاء میں سے تھا۔''

(تاریخ جموں و ریاست ہائے مفتوحہ گلاب سنگھ حصہ سوم صفحہ 258 مطبوعہ 1397ء)

ذوالکفل سے متعلق قرآن حکیم اور احادیث میں زیادہ تفصیلی ذکر نہیں ہے کہ ہمیں یہ معلوم ہو کہ یہ کون پیغمبر تھے اور ان کی تعلیم اور علاقہ کونسا تھا ایک روایت کے مطابق آنحضورﷺ سے دریافت کیا گیا کہ ذوالکفل کون تھے تو آپ نے ان کی خصوصیات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ سارا دن روزہ رکھنا اور راتوں کو عبادت کرنا ان کا معمول تھا اور لوگوں کے معاملات میں تعاون کرنے والے تھے اور یہ کہ غصہ ان کی طبیعت میں نہیں تھا۔

(تفسیر الجلالین جزاول صفحہ 924)

حضرت مصلح موعود اپنی ایک تقریر میں حضرت بدھ کی تعلیم کے ایک حصے کے متعلق فرماتے ہیں کہ ''اس تعلیم نے ایک ایسا تغیر پیدا کیا کہ ہندوؤں کی عیاشیاں مٹا ڈالیں اور ان کو تباہی سے بچا لیا جب حضرت بدھ پیدا ہوئے اس وقت دام مارگیوں کا بڑا زور تھا جن کا مذہب یہ ہے کہ ماں بہن سے زنا کرنا بڑا ثواب کا کام ہے یہ لوگ اب بھی موجود ہیں ......اس وقت جب ان کا بڑا زور تھا حضرت بدھ نے خواہشات کو مٹانے کی تعلیم دی۔ اس وقت تو اس تعلیم کی کوئی ایسی قدر نہ کی گئی مگر کچھ عرصہ کے بعد اس تعلیم نے لوگوں کی حالت بدل دی''۔

(حضرت مسیح موعود کے کارنامے۔انوار العلوم جلد 10 صفحہ 116)

اسی طرح فرمایا ''دراصل وہ (بدھ) نبی تھا اور خداتعالیٰ کا قائل تھا''۔

(نجات۔انوار العلوم جلد 7 صفحہ 52)

حضرت بدھ کی ایک عظیم الشان پیشگوئی

حضرت بدھ نے اپنے شاگردوں کے بعض سوالوں کے جواب میں اس بات کا اقرار کیا کہ مجھ سے پہلے بھی ہادی مبعوث ہوئے اور آئندہ کا تمہیں کیا علم اور پھر ایک عظیم الشان پیغمبر کی بعثت کی خبر دیتے ہوئے

فرمایا: ”میں ہی ایک بدھ نہیں ہوں جو زمین پر مبعوث ہوا ہوں اور نہ میں آخری بدھ ہوں وقت مقررہ پر ایک دوسرا بدھ دنیا میں مبعوث ہوگا“

(گاسپیل آف بدھا صفحہ 217)

بدھ کی زندگی اور بدھ مت کی تعلیمات کے مزید مطالعہ کے لیے درج ذیل کتب سے مدد لی جاسکتی ہے۔

1۔ مسیح ہندوستان میں

2- Buddha: Life and Work of the Forerunner in India. Grail Foundation,1996.A Comprehensive Chronicle of Siddhartha's life in India.

3- Buddhism Plain and Simple. BY Hagen,

4- Buddhist Teachings. Steve. Tuttle, 1997, Broadway.

5- The Word of the Buddha. kandy

6-The Essence of Buddha dhamma(cylone)

7- The Vision of the Buddha(by Tom Lowenstein 1996)

8- The Life of Buddha by Adams Beck

9- Dialogues of the Buddha by Rhys Davids

10۔ تری پٹک (بدھ مت کے بنیادی عقائد اور معلومات پر مشتمل لٹریچر اس نام سے موسوم ہے)

مکرمہ احمدی بیگم صاحبہ

عہد بیعت اور ہم

الفضل 18 مئی 2005ء کی اشاعت میں ”ایفائے عہد کا واقعہ“ کے عنوان سے مکرم خادم احمد سعید صاحب کی جو تحریر شائع ہوئی ہے حقیقتاً عہد کی وفاداری کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ پڑھتے ہوئے آنکھیں پرنم ہوگئیں اور ایک خوشگوار تاثر سے دل سے الحمد للہ کی صدا نکلی۔ یہ عہد تو انقلاب آفریں ثابت ہوتا چلا آرہا ہے اور یہ عہد ہی ہمارا سب کچھ ہے۔

مانا کہ بشری کمزوریاں انسان کے ساتھ چلتی رہتی ہیں مگر اس کے باوجود ان کمزوریوں کو جھٹکنے والے کم نہیں ہیں۔ بڑے بڑے عظیم لوگ اس عہد کے پاسدار گزرے ہیں اور آج بھی نظر آتے ہیں۔ اس تحریر کو پڑھ کر کتنی آنکھیں فرط مسرت سے نم بھی ہوتی ہوں گی اور شاید میری طرح کئی لوگ جذباتی ہوکر الفضل کو خط لکھنے بھی بیٹھ گئے ہوں گے۔ وجہ اس کی چند پیسوں کا سوال نہیں بلکہ پاس عہد کا ایک خوبصورت انداز ہے جس کے ذکر سے ہر احمدی کو مزید خوشگوار قسم کی تحریک بھی ہوتی ہے۔ اور فلاح وکامرانی کی راہیں کھلتی رہتی ہیں۔

عہد بیعت کی شرائط میں ہر انسان کو عبد حقیقی بننے کے لئے دین حق کی تمام حسین تعلیم کا نچوڑ بیان کیا گیا ہے اور تعلق قائم کرنے والوں کی پختگی کے لئے دسویں شرط میں یہ چیز واضح فرمادی کہ اس تعلق کا محض وقتی یا جذباتی ہونا کسی طرح بھی فائدہ مند نہیں ہوگا جب تک کہ آخری سانس تک اس کو بحفاظت تمام سینہ کے اندر عملاً محفوظ نہ رکھا جائے۔ چنانچہ آخری اور دسویں شرط میں اس کو یوں بیان فرمایا ہے۔

”دہم یہ کہ اس عاجز سے عقد اخوت محض للہ باقرار اطاعت در معروف باندھ کر اس پر تا وقت مرگ قائم رہے گا اور اس عقد اخوت میں ایسا اعلیٰ درجہ کا ہوگا کہ اس کی نظیر دنیوی رشتوں اور تعلقوں اور تمام خادمانہ حالتوں میں نہ پائی جاتی ہو“۔

(اشتہار تکمیل تبلیغ 12 جنوری 1889ء)

اسی حقیقت سے تو انکار نہیں کیا جاسکتا کہ تنظیمیں دینی ہوں یا دنیوی ان میں کمزور لوگ بھی شامل ہوجاتے ہیں۔ دنیاوی تنظیمیں تو کوئی خاص نوٹس لیتی ہوں یا نہ لیتی ہوں مگر دینی اور روحانی جماعتوں کی بنیاد خداتعالیٰ کی طرف سے رکھی جاتی ہے اس لئے اکثر ایسے ناپسندیدہ لوگ خدائی گرفت میں جلد یا بدیر آجاتے ہیں اور پھر دکھوں سے ان کو واسطہ پڑ جاتا ہے۔ بے شک خدا غفور اور رحیم ہے سچی توبہ کو وہ جلد قبول فرما بھی لیتا ہے۔

سو الحمد للہ کہ عہد بیعت پر عمل کی جتنی توفیق جس نے پائی اس کا حال اور مستقبل روشن ہوتا رہا۔ اس کی عاقبت بھی لازماً بہتر ہوتی ہوگی۔ سو خدا کرے کہ ہم سب شرائط عہد بیعت پر حتی المقدور عمل کی سعی کے ساتھ کمزوروں کے لئے دعائیں بھی کرنے والے بن جائیں وہ تعداد میں خواہ کتنے ہی کم ہوں ان کے لئے دعائیں لازمی ہیں تاکہ فلاح اور کامرانی ان کی بھی زندگیوں کا حصہ بن جائے۔ آمین

سب سے لمبی دیوار

عظیم دیوار چین (The Great wall of China) لمبائی 3460 کلومیٹر (2150 میل) چوڑائی 32 فٹ اونچائی 15 تا 39 فٹ۔ دیوار چین چن شی ہوانگ (Chin Shi Haung ti) کے دور (246 تا 210 قبل مسیح) میں تعمیر کی گئی۔

مکرم عبدالحلیم سحر صاحب

اذلان شاہ ہاکی ٹورنامنٹ میں پاکستانی ہاکی ٹیم کی کارکردگی

اذلان شاہ ہاکی ٹورنامنٹ میں 7 ملکوں کی ٹیموں نے شرکت کی۔ ان میں پاکستان، انڈیا، جنوبی کوریا، ملائشیا، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کی ہاکی ٹیمیں شامل تھیں۔ یہ ایک عالمی لیول کا ٹورنامنٹ ہے۔ اس دفعہ اس ٹورنامنٹ میں بہترین ہاکی کھیلی گئی۔ خاص طور پر پاکستان کی ہاکی ٹیم نے غیر معمولی کھیل پیش کیا۔ کافی عرصہ کے بعد ہاکی کے کھیل کی خوبصورتی شائقین اور ناظرین نے لطف اٹھایا۔ پاکستان کی اس ٹیم میں 9 جونیئر ٹیم کے کھلاڑی شامل تھے۔ جو جونیئر ورلڈ کپ ہالینڈ میں کھیلا جا رہا ہے اس میں شرکت کریں گے۔

پاکستان کی ٹیم نے شروع کے تمام میچوں میں اعلیٰ درجہ کی ہاکی کھیلی اور نمبروں کی فہرست میں نمبر ایک رہی۔ لیکن آخری میچ جو ملائشیا کے خلاف کھیلا گیا اس میں پاکستان ہار گیا اور گول اوسط کی وجہ سے فائنل میں نہ پہنچ سکا۔ اس غیر معمولی اور اہم میچ میں گو کہ پاکستان کی ٹیم اچھا کھیلی لیکن اس کے مقابلہ میں ملائشیا کے کھلاڑیوں نے بہت عمدہ اور تیز ہاکی کھیلی اور کامیابی حاصل کی۔ خاص طور پر ایشین ہاکی کی ماضی کی یاد تازہ ہوگئی۔ یہ ٹورنامنٹ آسٹریلیا نے جیت لیا اس سے قبل آسٹریلیا ہی چیمپیئن تھا۔ فائنل میچ جنوبی کوریا کے ساتھ تھا۔ جنوبی کوریا نے بہترین کھیل پیش کیا ایک موقع پر آسٹریلیا کو بے بس کر دیا تھا۔ کوریا واضح طور پر جیت رہا تھا اور 3 گول کر چکا تھا لیکن آسٹریلیا کے کھلاڑیوں نے سرتوڑ کوشش کے بعد میچ کے مقررہ وقت میں تین گول کر کے میچ برابر کر دیا اور ایکسٹرا ٹائم میں گول کر کے 3-4 سے یہ ٹورنامنٹ اپنے نام کرلیا۔

ٹورنامنٹ کا پہلا میچ پاکستان نے نیوزی لینڈ کے خلاف کھیلا جو بہت سخت تھا۔ پاکستان نے پہلے گول کیا اور 0-1 سے برتری حاصل کر لی لیکن نیوزی لینڈ کے گریتی بروکس نے تیسرے پینلٹی کارنر پر گول بنا کر پاکستان کی برتری ختم کردی اور میچ 1-1 سے برابر ہوگیا پاکستان کے عدنان ذاکر نے خوبصورت گول کر کے پاکستان کو پھر 1-2 سے برتری دلا دی۔ اس موقع پر مخالف ٹیم نے پاکستان کے گول پر تابڑ توڑ حملے کئے لیکن پاکستان کے گول کیپر سلمان اکبر نے اپنی زندگی کی بہترین گول کیپنگ کی اور سارے حملے ناکام بنا دئے اس طرح پاکستان 1-2 سے جیت گیا۔

دوسرا میچ ایشین چیمپیئن جنوبی کوریا کے ساتھ ہوا۔ یاد رہے ایک دن قبل اولمپک چیمپیئن آسٹریلیا کے ساتھ کوریا کا میچ 3-3 گول سے برابر رہا تھا۔ پاکستانی ٹیم نے یہ میچ بآسانی جیت لیا اور تین گول کیے۔

پاکستان نے تیسرا میچ جنوبی افریقہ کے خلاف کھیلا جس میں پاکستان 0-2 سے جیت گیا۔

چوتھا میچ آسٹریلیا کے خلاف کھیلا جو 2-2 گول سے برابر رہا۔ پاکستان نے 2 مرتبہ برتری حاصل کر لی تھی لیکن آسٹریلیا نے دونوں مرتبہ گول کر کے میچ برابر کردیا۔

پاکستان کا پانچواں میچ روایتی حریف بھارت کے ساتھ ہوا۔ پہلے ہاف میں پاکستان نے بھارت پر 0-3 کی برتری حاصل کر لی تھی۔ لیکن دوسرے ہاف میں بھارت کی ٹیم نے عمدہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور دو گول کر لئے۔ سلمان اکبر نے ایک بار پھر بہت اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا اور گول نہ ہونے دیا اس طرح پاکستان 2-3 سے جیت گیا۔

اس موقعہ پر پاکستان اور جنوبی کوریا کے پوائنٹس برابر تھے۔ جبکہ پاکستان کا ایک میچ ملائیشیا کے خلاف رہتا تھا۔ امید تھی کہ پاکستان یہ میچ آسانی سے جیت کر فائنل میں چلا جائے گا۔ لیکن ملائیشیا نے اپنے بادشاہ کی موجودگی میں غیر معمولی کھیل کا مظاہرہ کیا اور پاکستان سے یہ میچ جیت لیا۔

جنوبی کوریا بہتر گول اوسط کی وجہ سے فائنل میں چلا گیا۔ پاکستان کے کھلاڑیوں نے اس ٹورنامنٹ میں بہت اچھی ہاکی کھیلی۔ بلکہ ملائیشیا کے اخبارات نے پاکستانی ٹیم کی بہت تعریف کی اور اس کو دنیا کی بہترین ٹیم قرار دیا۔ اس کارکردگی کے باوجود تمام میچوں کو دیکھنے کے بعد بعض باتیں قابل توجہ ہیں ایک تو ہمارا لیفٹ ونگ بہت کمزور رہا سارا اٹیک رائٹ ونگ سے ہوتا رہا۔ جبکہ ٹورنامنٹ میں کامیابی کا انحصار دونوں طرف سے اٹیک پہ ہوتا ہے۔

دوسرا پینلٹی کارنر کا شعبہ اس دفعہ کافی کمزور رہا ہے اس میں پریکٹس اور مہارت کی ضرورت ہے۔ آخری میچ میں ملائیشیا کے خلاف پاکستان کو دوسرے ہاف میں چار کے قریب پینلٹی کارنر ملے لیکن ہم گول نہیں کر سکے۔

ایک اور بات اہم ہے گو کہ اس ٹورنامنٹ میں پاکستان نے خوبصورت ایشین ہاکی کھیلی لیکن اس میں بہتری کی گنجائش موجود ہے۔ ہماری ٹیم کو چھوٹے چھوٹے پاسز کے ذریعہ اٹیک کرنا چاہئے اس طرح مخالف ٹیم کا سارا ڈیفنس منتشر ہو جاتا ہے اور گول کرنے کے زیادہ مواقع ہوتے ہیں۔

بہرحال اس ٹورنامنٹ کے بعد یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ پاکستان ایک بار پھر اپنا ہاکی میں کھویا ہوا مقام حاصل کرسکتا ہے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 49044 میں ناصر احمد

ولد غلام محمد مرحوم قوم تھہیم پیشہ کاروبار عمر 45 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر غربی لطیف ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ رہائشی مکان دارالصدر غربی میں 5 مرلہ حصہ مالیتی اندازاً -/1000000 روپے۔ 2۔ کاروبار میں لگایا سرمایا -/500000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/6000 روپے ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد ناصر احمد گواہ شد نمبر 1 محمو احمد وصیت نمبر 26750 گواہ شد نمبر 2 چوہدری ریاض احمد وڑائچ ولد چوہدری محمد حسین وڑائچ

مسل نمبر 49045 میں محمد یحییٰ

ولد چوہدری محمد ابراہیم قوم سہنگیڑہ جٹ پیشہ کارکن عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر غربی لطیف ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3438 روپے ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد یحییٰ احمد گواہ شد نمبر 1 عبدالحلیم سحر وصیت نمبر 25086 گواہ شد نمبر 2 محمود احمد وصیت نمبر 26750

مسل نمبر 49046 میں فرید احمد باجوہ

ولد چوہدری محمد سعید احمد باجوہ قوم باجوہ پیشہ کارکن عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر غربی لطیف ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3380 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد فرید احمد باجوہ گواہ شد نمبر 1 محمود احمد وصیت نمبر 26750 گواہ شد نمبر 2 چوہدری محمد سعید باجوہ والد موصی

مسل نمبر 49047 میں چوہدری محمد سعید باجوہ

ولد چوہدری عبدالعزیز باجوہ مرحوم قوم باجوہ پیشہ زمندارہ + پنشنر عمر 65 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر غربی لطیف ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ زرعی اراضی سوا چھ ایکڑ واقع چک نمبر 33 جنوبی ضلع سرگودھا اندازاً مالیتی -/1550000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/5810 روپے ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/64000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد چوہدری محمد سعید باجوہ گواہ شد نمبر 1 محمود احمد وصیت نمبر 26750 گواہ شد نمبر 2 ملک محمد اعظم ولد سردار خان دارالصدر غربی لطیف ربوہ

مسل نمبر 49048 میں فہیمہ خان

زوجہ طارق احمد خان قوم یوسف زئی پٹھان پیشہ خانہ داری عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر غربی لطیف ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر وصول شدہ زیورات بوزن 128-210 گرام مالیتی -/100000 روپے۔ 2۔ طلائی زیورات 161-800 گرام مالیتی -/126230 روپے۔ 3۔ نقرئی زیور مالیتی -/2380 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ فہیمہ خان گواہ شد نمبر 1 محمود احمد وصیت نمبر 26750 گواہ شد نمبر 2 چوہدری ریاض احمد وڑائچ ولد چوہدری محمد حسین وڑائچ

مسل نمبر 49049 میں نیلوفر خان

زوجہ زبیر احمد خان قوم یوسف زئی پٹھان پیشہ خانہ داری عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر غربی لطیف ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر وصول شدہ بصورت زیورات 128-210 گرام -/100000 روپے۔ 2۔ طلائی زیور بوزن 19-650 گرام مالیتی -/15363 روپے۔ 3۔ نقرئی زیور مالیتی -/2382 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ نیلوفر خان گواہ شد نمبر 1 محمود احمد وصیت نمبر 26750 گواہ شد نمبر 2 چوہدری ریاض احمد وڑائچ دارالصدر غربی لطیف ربوہ

مسل نمبر 49050 میں راشدہ نصیر

زوجہ نصیر الدین علی احمد قوم ہرل پیشہ خانہ داری عمر 35 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالبرکات ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 5-6-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 5 تولے مالیتی -/40000 روپے۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/10000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ راشدہ نصیر گواہ شد نمبر 1 خالد احمد شمس وصیت نمبر 25150 گواہ شد نمبر 2 نصیر الدین علی احمد وصیت نمبر 23119

مسل نمبر 49051 میں صفیہ پروین

زوجہ ناصر احمد چیمہ قوم آرائیں پیشہ نرسنگ عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فضل عمر ہسپتال کوارٹرز ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 7-5-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 8 تولہ اندازاً مالیتی -/80000 روپے۔ 2۔ حق مہر -/30000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/6365 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ صفیہ پروین گواہ شد نمبر 1 ناصر احمد چیمہ خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 فضل احمد مربی سلسلہ ولد نواب دین ربوہ

مسل نمبر 49052 میں رضوان سلیم

ولد محمد سلیم قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر غربی منعم ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 7-6-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ پلاٹ 8 مرلہ واقع دارالشکر جنوبی کا 1/3 حصہ مالیتی -/35000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد رضوان سلیم گواہ شد نمبر 1 عبدالستار خان ولد حافظ عبدالکریم دارالنصر غربی ربوہ گواہ شد نمبر 2 طاہر احمد ولد بشیر احمد لنگاہ دارالنصر غربی ربوہ

مسل نمبر 49053 میں رمضان بی بی

بیوہ علم الدین قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 65 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 28-12-04 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی بالیاں مالیتی -/4000 روپے۔ 2۔ ترکہ خاوند مرحوم مکان کا شرعی حصہ اندازاً قیمت -/200000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ رمضان بی بی گواہ شد نمبر 1 بشارت احمد ولد علم الدین گواہ شد نمبر 2 محمد صادق طیب ولد عظمت اللہ بھٹی دارالنصر شرقی ربوہ

مسل نمبر 49054 میں چوہدری طالب حسین

ولد کرم دین قوم جٹ سراء پیشہ کاروبار عمر 58 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 14-6-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ پلاٹ دس مرلہ جس میں سے 5 مرلہ تعمیر شدہ ہے مالیتی -/550000 روپے۔ 2۔ 18 مرلہ پلاٹ مالیتی -/13000 روپے واقع ساہیوال۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2500 روپے ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد چوہدری طالب حسین گواہ شد نمبر 1 نصیب احمد ولد محمد علی گواہ شد نمبر 2 قمر احمد طاہر ولد رشید احمد تاج دارالنصر شرقی ربوہ

مسل نمبر 49055 میں امتہ الحفیظ شیخ

زوجہ شیخ محمد یعقوب قوم شیخ پیشہ خانہ داری عمر 62 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 17-6-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 4 تولے اندازاً مالیتی -/32000 روپے۔ 2۔ پلاٹ 5 مرلہ ٹبہ دارالنصر شرقی اندازاً مالیتی -/100000 روپے۔ 3۔ حق مہر بذمہ خاوند -/500 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ امتہ الحفیظ شیخ گواہ شد نمبر 1 شیخ عبدالغفور ولد محمد یعقوب گواہ شد نمبر 2 شیخ عبدالشکور ولد شیخ محمد یعقوب

مسل نمبر 49056 میں مجیدہ غفور

زوجہ غفور احمد قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 60 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و

حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-4-20 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 5 تولے اندازاً مالیتی -/50000 روپے۔ 2۔ ترکہ خاوند مرحوم مکان مالیتی تقریباً 8 لاکھ روپیہ کا شرعی حصہ۔ 3۔ ترکہ خاوند مرحوم زمین مالیتی تقریباً 7 لاکھ روپیہ کا شرعی حصہ واقع بھڈال ضلع سیالکوٹ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ مجیدہ غفور گواہ شد نمبر 1 مظفر احمد ولد عبدالرحیم گواہ شد نمبر 2 محمد صادق طیب ولد عظمت اللہ بھٹی دارالنصر شرقی ربوہ

مسل نمبر 49057 میں امتہ المتین

زوجہ مقصود احمد قوم بھٹی پیشہ خانہ داری عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-4-27 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 295 گرام اندازاً مالیتی -/221250 روپے۔ 2۔ حق مہر -/20000 روپے۔ 3۔ نقد رقم -/100000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ امتہ المتین گواہ شد نمبر 1 بشیر احمد ولد شاہ دین مرحوم گواہ شد نمبر 2 محمد صادق طیب وصیت نمبر 3368

مسل نمبر 49058 میں ثونیہ شبنم

